# AKASHVANI NEWS
# SRINAGAR

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 07:30.......07:40/ PM

**Date: 27 July 2026**

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیوں پر ایک نظر۔

☆......سرکاری امتحانات ترمیمی بل **2026** لوک سبھا میں پیش۔

☆......وزیر اعظم نے امتحانات میں اصلاحات کی غرض سے ایک اعلیٰ سطح کا ٹاسک فورس قائم کرنے کا کیا اعلان۔

☆......قوم سابق صدر جمہوریہ اے پی جے عبد الکلام کو ان کی برسی پر کر رہی ہے خراج عقیدت ادا۔

اور

☆......جامع مسجد شوپیاں اور سرودھر چامنڈا ماتا مندر رام بن کی تجدید نو کیلئے کُل **16** کروڑ روپے مالیت کے منصوبوں کو سرکاری منظوری۔

پارلیمنٹ

سرکاری امتحانات ترمیمی بل **2026** آج لوک سبھا میں پیش کیا گیا۔دوپہر **12** بجے پہلے التوا کے بعد جب ایوان کی کاروائی دوبارہ شروع ہوئی تو مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے مذکورہ بل ایوان میں پیش کیا۔

-------**V/O**--------

بل پیش کئے جانے کے دوران اپوزیشن ارکان نیٹ معاملے پر طلبا کے حالیہ احتجاج کے دوران پولیس کاروائی پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے اپنی نشستوں سے کھڑے ہو گئے۔سپیکر اوم برلا نے ارکان سے اپیل کی کہ وہ اپنے خیالات اور تجاویز پیش کریں۔تاہم اپوزیشن کے ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا جس کے بعد ایوان کی کاروائی پہلے دوپہر **2** بجے، پھر شام کے **5** بجے اور پھر پورے کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

**LG** میٹنگ

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا ن کی صدارت میں آج لوک بھون سرینگر میں گاندھی میموریل کالج سری نگر کے نئے تشکیل دئے گئے گورننگ بورڈ کی تعارفی میٹنگ منعقد ہوئی۔اجلاس میں کالج کی مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی غرض سے ادارے کے تعلیمی اور انتظامی امور سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ایل جی نے کالج کے انتظامی اور عملیاتی ڈھانچے کو مؤثر اور منظم بنانے کے لیے ایک جامع پالیسی مرتب کرنے کی ہدایت دی۔

**LG** سیاحت

دریں اثنا لیفٹیننٹ گورنر نے **SKICC** سرینگر میں **"Ethical Tourism Conclave"** سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاحتی سرگرمیوں کو جامع بنایا جانا چاہیئے تا کہ اس سیکٹر سے وابستہ افراد اور نوجوان بااختیار بن سکیں۔انہوں نے کہا کہ پچھلے **6** برسوں کے دوران جموں وکشمیر میں سیاحت کے اعتبار سے نئے ریکارڈ قائم ہوئے ہیں۔اس کنکلیو کا اہتمام ٹورسٹ ٹریڈ انٹرسٹ گیلڈ جے اینڈ کے نے کیا تھا۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں سنگم انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ کر کے وہاں کرکٹ بیٹ تیار کرنے کے عمل اور اس صنعت سے وابستہ افراد کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر کرکٹ بیٹ صنعت کو مزید فروغ دینے اور اس سلسلے میں خام مال کی بلا رکاوٹ دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرنے کا یقین دلایا۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا۔

------V/O--------

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کابینہ وزیر جاوید احمد رانا اور ایم ایل اے ڈاکٹر بشیر احمد ویری کے علاوہ ضلع انتظامیہ کے کئی افسران وزیر اعلیٰ کے ہمراہ تھے۔

پروجیکٹ منظوری

سرکار نے جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلعے میں واقع تاریخی جامع مسجد کی تعمیر و تجدید نو کیلئے **6** کروڑ **5** لاکھ روپے مالیت کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔ایک ایکس پوسٹ پر اس بات کی جانکاری دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ کے دفتر نے کہا ہے کہ پروجیکٹ کی عمل آوری کے دوران اس جامع مسجد کے ثقافتی نقشے اور ورثے کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا۔اس دوران حکومت نے رام بن میں واقع سرودھر چامنڈا ماتا مندر کی شان رفتہ بحال کرنے اور اس کی تجدید نو کیلئے **10** کروڑ **31** لاکھ روپے مالیت کے پروجیکٹ کو منظوری دی ہے۔وزیر اعلیٰ کے دفتر کی جانب سے جاری ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدامات جموں و کشمیر میں اہم مذہبی اور ثقافتی مقامات کے تحفظ میں سرکار کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔

**CM** ملاقات

جموں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ارون گپتا نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ارون گپتا نے جموں و کشمیر میں صنعت و حرفت سے جڑے کئی معاملات پر وزیر اعلیٰ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔اس دوران سابق ایم ایل اے ڈاکٹر چمن لال بھگت، **Your Story and the**

**bharat** پروجیکٹ کی بانی سی ای او شردھا شرما اور **Infinitech services and solutions** کے سی ای او سید اویس احمد نے بھی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ گورنمنٹ وومنز ڈگری کالج زکورہ میں لائبریری کی سہولت کے ساتھ اکیڈیمک بلاک تعمیر کیا جائے گا۔اس بات کا اعلان انہوں نے آج مذکورہ کالج کے دورے کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ سرکار تعلیمی منظر نامے کو مزید بہتر بنانے کی وعدہ بند ہے۔وزیر موصوفہ نے طالبات کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہیں تعمیری سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تاکید کی۔ایم ایل اے حضرتبل سلمان علی ساگر اور ڈائریکٹر کالجز جموں وکشمیر پروفیسر شیخ اعجاز بشیر کے علاوہ دیگر کئی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ ہارٹیکلچر **Value Chain** کو مزید مستحکم کرنے اور باغ مالکان کیلئے بہتر مارکیٹنگ سہولیات دستیاب رکھنے میں ہارٹیکلچر **Produce**، مارکیٹنگ اینڈ پراسنگ کارپوریشن کا اہم رول بنتا ہے۔یہ بات انہوں نے آج سرینگر میں مذکورہ کارپوریشن کی **45** ویں سالانہ جنرل میٹنگ کے دوران کہی۔وزیر موصوف نے کارپوریشن کی مجموعی کارگزاری اور نبارڈ کے علاوہ اس کے کیپیکس بجٹ کے تحت عملائے جارہے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن کی کامیاب عمل آوری کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔جموں وکشمیر میں اس مشن کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے طلب کی گئی ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکرٹری نے کہا کہ **JKSehat** ایپ کے بارے میں جانکاری عام کی جانی چاہئے تاکہ مستحق افراد اس سے بھرپور استفادہ کرسکیں۔چیف سیکرٹری نے اس سلسلے میں اب تک حصولیابیوں کے بارے میں بھی تفصیلات طلب کیں۔

خـــراج

قوم آج سابق صدر اور معروف سائنسدان ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کر رہی ہے۔ مرحوم نے بھارتی خلاء اور ملک کے میزائیل تیار کرنے والے پروگراموں میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔ڈاکٹر عبدالکلام کو میزائیل مین آف انڈیا کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ وہ آج ہی کے دن **2015** میں انتقال کر گئے۔لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے سابق صدر اور بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے گھریلو میزائیل ٹیکنالوجی اور خلائی پروگراموں کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں کلیدی رول ادا کیا۔

ایل جی کلام

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سابق صدر اور میزائیل مین آف انڈیا ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک پیغام میں ایل جی نے ڈاکٹر کلام کو ایک معروف سائنسدان، ترغیب دینے والی شخصیت اور عوام کا صدر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر کلام نے بے لوث طریقے پر قوم کی خدمت کی، جن کے خیالات ہم سب کو لمبے عرصے تک ترغیب دیتے رہیں گے۔

**BJP** خـــراج

**BJP** جموں وکشمیر کے اقلیتی مورچہ نے بھی سابق صدر جمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو ان کی برسی پر عقیدت کا خراج پیش کیا ہے۔

وقفـــہ

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

## CRPF

سینٹرل ریزرو پولیس فورس **CRPF** آج اپنا **88**واں یوم تاسیس منا رہا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں کئی تقاریب منعقد ہو رہی ہیں، جن میں ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے میں سی آر پی ایف کے اہم رول اُجاگر کیا جا رہا ہے۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر داخلہ امت شاہ اور لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے اس فورس کے اہلکاروں اور افسروں اور اُن کے اہلخانہ کو یوم تاسیس کی مبارکباد دی ہے۔

## LG-CRPF

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سی آر پی ایف کے یوم تاسیس کے موقعے پر سی آر پی ایف کے اہلکاروں اور اُنکے اہلخانہ کو مبارکباد دی ہے۔

## امرناتھ یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے جاری ہے تاہم پہلگام راستے سے یاترا بند ہے جس کی سرکاری بیان کے مطابق مرمت جاری ہے۔ یاترا شروع ہونے سے اب تک **4** لاکھ **15** ہزار سے زائد یاتریوں نے گپھا کے درشن کئے ہیں۔

## شاہراہ

اودھمپور میں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر سمرولی کے نزدیک کل شام پسی گر آنے کی وجہ سے شاہراہ کو گاڑیوں کی آمدورفت کیلئے بند کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں آج شری امرناتھ جی یاترا مکمل کرنے کے بعد واپس جانے والے یاتریوں کو میر بازار قاضی گنڈ کے یاتری نواس کیمپس میں ٹھہرایا گیا ہے۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ یاتری نواس میں تقریباً **4** ہزار یاتری قیام کر رہے ہیں جنہیں قومی شاہراہ کی بحالی کے بعد ہی آگے جانے کی اجازت دی جائے گی۔

**BJP**

**BJP** کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے آج پارلیمنٹ ہاؤس نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ملاقات کی اور جموں وکشمیر میں حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہوئی صورتحال کے بارے میں انہیں جانکاری دی۔ امت شاہ نے اس موقعے پر کہا کہ نریندر مودی کی سربراہی والی سرکار جموں وکشمیر کے لوگوں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے وعدہ بند ہے۔

ست شرما

**BJP** جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج نئی دلی میں ٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کے ساتھ ملاقات کرکے جموں وکشمیر میں روڈ نیٹ ورک سے جڑے کئی معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔ ست شرما نے یوٹی میں رابطہ سہولیات کو مزید مستحکم کرنے کی وزیر سے اپیل کی۔

**NC**

نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ یہ جماعت جموں وکشمیر کی خصوصی پوزیشن بحال کرنے کے ارادے پر قائم ہے۔ پارٹی کے معاون جنرل سیکرٹری اور راجیہ سبھا ممبر چودھری محمد رمضان نے آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں کے ساتھ تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس نے اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے عملی کاروائی شروع کی ہے۔ اس دوران ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار نے لوگوں کی فلاح وبہبود کیلئے تعمیر وترقی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔

اشوک کول

**BJP** جموں وکشمیر کے تنظیمی امور کے جنرل سیکرٹری اشوک کول نے آج جموں میں پارٹی کارکنوں کی ایک میٹنگ کے دوران گرو پورنما اور ہر گھر ترنگا مہم کیلئے پارٹی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس دوران اشوک کول نے آج جموں میں پارٹی لیڈروں کے ایک وفد کو سنت گرو روی داس جی کی جائے پیدائش وارانسی کیلئے روانہ کیا۔

## عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت سلطان العارفین شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے سلسلے میں ایام متبرکہ کل سے شروع ہوئے۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع کوہِ ماران پر ایام عرس کے دوران نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات،درودواذ کاراور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہورہی ہیں۔

## بیٹی پڑھاؤ

ضلع انتظامیہ کولگام نے سماجی بہبود محکمے کے اشتراک سے مرکزی سرکار کے ’’بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ‘‘اسکیم کے تحت نیٹ امتحانات میں شرکت کرنے والی طالبات کیلئے مالی امداد اسکیم متعارف کی ہے۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق اس اسکیم سے وہ طالبات استفادہ کرسکتی ہیں جن کے کنبے کی سالانہ آمدنی 8 لاکھ روپے سے کم ہو۔ضلع سوشل ویلفیئر آفیسر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا کہ اب تک اس اسکیم کیلئے 45 طالبات نے درخواست دی ہے۔

## اسکول

وادی کشمیر اور جموں کے سرمائی زون میں سرکاری اور تسلیم شدہ پرائیویٹ اسکول گرمائی تعطیلات کے بعد آج سے درس وتدریس کیلئے دوبارہ کھل گئے۔تعلیمی ادارے 6 جولائی سے گرمائی تعطیلات کیلئے بند کئے گئے تھے۔تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے حالیہ بارشوں سے پیدا شدہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے تمام متعلقہ زونل ایجوکیشن افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضرورت کے مطابق اقدام کریں تاکہ طلباء کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## منشیات

منشیات مخالف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سرینگر کے مختلف علاقوں میں کئی منشیات فروشوں کی پانچ کروڑ 60 لاکھ روپے مالیت کی جائیدادیں اٹیچ کی ہیں۔دریں اثنا پولیس نے بارہ مولہ میں منشیات مخالف کاروائی کے دوران ضلعے کے مٹی پورہ میر گنڈ علاقے میں خودرو بھنگ کو تباہ کردیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران دور دور تک ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.8** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18.9** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **35.3** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25.8** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **39** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **35** منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔